85441 ـ ڈش، کمپیوٹر، گاڑی، اور ٹیلی ویزن میں استعمال کردہ الیکٹرانك سرکٹ تیار کرنے کا حکم

سوال

میں ایك الکٹرانك کمپنی میں کام کرتا ہوں جو (Microelectronic) اشیاء تیار کرتی ہے، اور یہ کمپنی چپ سسٹم (System on Chip) تیار کرتی ہے جو مختلف اشیاء مثلا ٹیلی ویزن، کمپیوٹر، موبائل ٹیلی فون، ہوائی جہاز، گاڑي، ڈش .... وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے، اور اسی طرح ہمیں کمپنی میں مرد و عورت کے اختلاط کی مشکل بھی درپیش ہے ہمارے ملك کی کمپنیوں میں جس کے بغیر کوئی چارہ ہی نہیں، لیکن الحمد للہ میرے سب ساتھی نیك اور دین کا خیال رکھتے اور ایك دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہتے ہیں، میرا سوال یہ ہے کہ:
کیا میری کمائی حلال ہے، برائے مہربانی مجھے کوئی وعظ و نصیحت فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

ہماری اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ سب کی مدد فرمائے اور آپ کو توفیق سے نوازے، اور آپ کو ثابت قدمی عطا کرے، ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ ایك دوسرے کو نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایك دوسرے کی مزید اور زیادہ معاونت جاری رکھیں، اور خیر و بھلائی کو عام کرنے کی کوشش کریں، اور مختلف قسم کے موجود وسائل کو استعمال کرتے ہوئے خیر کی دعوت دیں.

دوم:

مرد و عورت کے اختلاط والی جگہ کام کرنے میں بہت سی خرابیاں اور نقصانات ہیں جو کسی پر بھی مخفی نہیں، لیکن جو اس میں مبتلا ہو اور اس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو اور کوئی اور بھی کام نہ ملے تو اسے اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتے ہوئے نظریں نیچی رکھ کر ان نقصانات اور خرابیوں سے بچنا چاہیے، اور خلوت اور مصافحہ اور ہاتھ ملانے سے اجتناب کرے، اور اسی طرح وہ فتنہ و شر کے اسباب سے بھی دور رہے، اور اسے کوئی اور کام تلاش کرنے کی جدوجھد کرنی چاہیے، جو اس کے دین کو بھی محفوظ رکھے، اور اس کے دل کو بھی، چاہے اس کی تنخواہ پہلے سے کم ہی کیوں نہ ہو.

کیونکہ دین کی حفاظت جان اور مال پر مقدم ہے، مزید تفصیل معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (50398) کے

جواب کا مطالعہ کریں.

سوم:

اگر تو کمپنی کئی قسم کے سسٹم تیار کرتی ہے جن میں کچھ کمپیوٹر اور کچھ ہوائی جہازوں، اور کچھ ٹیلی ویزن اور ڈش ... الخ وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں تو آپ ٹیلی ویزن اور ڈش والے سسٹم تیار کرنے سے اجتناب کریں؛ کیونکہ غالبا یہ دونوں اشیاء معصیت و نافرمانی میں استعمال ہوتے ہیں، جو کہ نظر اور سماعت دونوں میں ہی ہے.

اور ہر وہ چیز جس کا غالب استعمال معصیت و نافرمانی میں ہوتا ہو اس پر معاونت کرنی جائز نہیں، نہ تو اسے بنا کر، اور نہ ہی اس کی مرمت کر کے، یا فٹ کرکے، یا پھر فروخت کر کے معاونت کرنا جائز نہیں، لیکن صرف اس شخص کی اس میں معاونت ہو سکتی ہے جس کے متعلق یہ علم ہو کہ وہ اسے نافرمانی میں استعمال نہیں کریگا.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (39744) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اور اگر تیار کردہ سسٹم ان سب اشیاء (ٹیلی ویزن، کمپیوٹر، گاڑي وغیرہ) میں استعمال کرنا ممکن ہو تو پھر اس کی تیاری اور ملازمت کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ اس پر مباح کا غلبہ ہے.

واللہ اعلم .